# اِدارۂ اخوانُ السّادات گلاؤٹھی (رجسٹرڈ) کراچی

رابطہ کمیٹی

چیئرمین

**خُرم واسطی**

(ممبران)

**سید محمد علی زیدی**

**سید بدرعالم زیدی**

**سید سلمان غنی**

**سید عارف حسن**

**مسز فرحانہ راشد**

صدر:

**سید صفدرعلی**

سیکریٹری:

**سید وسیم ہاشمی**

سیکریٹری مالیات:

**سید فرخ غنی**

## رابطہ 7

محترم اراکین ادارہ!

السلام وعلیکم،

الحمدللہ! "رابطہ" کی اشاعت احسن طریقے سے جاری ہے۔ دراصل یہ آپ ہی کے تعاون کا ثمر ہے کہ ہم اس سفر کو کامیابی کے ساتھ جاری رکھے ہوئے ہیں۔

"رابطہ" مجلس منتظمہ اور اراکین کے مابین ایک ایسا رشتہ ہے جس کے ذریعے طرفین باہمی حالات سے باخبر رہتے ہیں، اور اس رشتہ کو نتیجہ خیز بنانے کے لئے جہاں مجلس منتظمہ کی کچھ ذمہ داریاں ہیں وہاں اراکین پر بھی لازم ہے کہ وہ مجلس منتظمہ سے رابطے میں رہ کر اپنی تجاویز و مسائل سے آگاہ کرتے رہیں۔ لہٰذا میں تمام ممبران سے گزارش کروں گا کہ شادی بیاہ اور دیگر تقریبات، ملازمت و ترقی کی خبریں رابطہ کمیٹی کو بھجواتے رہیں۔ دراصل ہماری خواہش ہے کہ برادری کے تمام معاملات ادارے کے علم میں رہیں۔ میں امید کرتا ہوں کہ اراکین ادارہ "رابطہ" کو مزید موثر اور فعال بنانے کے لئے خصوصی تعاون جاری رکھیں گے اور آئندہ شماروں میں ہم زیادہ سے زیادہ آگاہی حاصل کر کے معاملات کی بہتر ترجمانی کا حق ادا کرسکیں گے۔

آپ کے تعاون کا طلبگار

سید وسیم الدین ہاشمی

معتمد

## مُبارکبادیاں
## ادارے کی جانب سے تمام اراکین کو جشن آزادی مبارک

☆ جناب سید آفتاب عالم زیدی صاحب کے فرزند سید نوید صاحب کو اللہ تعالٰی نے بیٹی کی رحمت سے نوازا۔ بچی کا نام رامین رکھا گیا ہے۔ ادارے کی جانب سے مبارکباد قبول کیجئے۔

☆ جناب سید اظہر حسنین زیدی صاحب کی صاحبزادی ضوویہ عزیر کو اللہ تعالٰی نے اولادِ نرینہ سے نوازا بیٹے کا نام ریان رکھا گیا ہے۔ ادارے کی جانب سے دلی مبارکباد قبول کیجیے۔

☆ محترمہ فائقہ صدیقی صاحبہ زوجہ نعمان صدیقی کو اللہ تعالٰی نے بیٹی کی رحمت سے نوازا۔ بیٹی کا نام منال رکھا گیا ہے۔ ادارے کی جانب سے مبارکباد۔

☆ عبدالقیوم صدیقی صاحب کے فرزند جناب جواد صدیقی صاحب کے ہاں جڑواں بچوں کی ولادت۔ ادارہ عبدالقیوم صدیقی صاحب اور اُن کی فیملی کو مبارک باد پیش کرتا ہے۔

☆ ادارے کے رکن جناب سید آصف جمیل صاحب کی بیٹی مہرین قذافی کے ہاں بیٹے کی ولادت ہوئی بیٹے کا نام موسٰی قذافی رکھا گیا ہے۔ ادارہ سید آصف جمیل صاحب اور ان کی فیملی کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

☆ ادارے کے رکن جناب سید سید احمر نظام صاحب کے ہاں بیٹے کی پیدائش، ادارے کی جانب سے مبارکباد قبول کیجئے۔

☆ سید رضوان واسطی صاحب کے ہاں بیٹی کی پیدائش ہوئی۔ بیٹی کا نام تہرین رکھا گیا ہے۔ ادارے کی جانب سے مبارکباد۔

☆ میجر نعمان واسطی صاحب کے ہاں بیٹے کی پیدائش، بیٹے کا نام عبداللہ رکھا گیا ہے ادارے کی جانب سے مبارکباد۔

☆ مونس فاطمہ بنت ایس این اے جعفری نے انڈس ویلی سے امتیازی نمبروں سے گریجویشن مکمل کیا اور جنید جمشید ادارے میں ملازمت اختیار کی ادارے کی جانب سے جناب ایس این اے جعفری صاحب اور ڈاکٹر ثمینہ جعفری صاحبہ کو مبارکباد۔

☆ آنسہ رابعہ بنت سید نصرت کمال نے این ای ڈی یونیورسٹی سے گریجویشن مکمل کیا۔ ادارے کی جانب سے جناب سید نصرت کمال و بیگم عذرا کمال کو مبارک باد۔

☆ جناب سید آفتاب عالم زیدی صاحب کے سب سے چھوٹے فرزند سید بلال آفتاب نے ایئر فورس میں بحیثیت فلائنگ آفیسر شمولیت اختیار کی ادارہ انکو اس بڑی کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہے۔

☆ جناب کرنل راحت شہباز کلی صاحب اور فرحین صاحبہ کے بڑے صاحبزادے حسن راحت نے پاکستان آرمی میں بطور رکمیشنڈ کیڈیٹ شمولیت اختیار کی۔ ادارہ انہیں اس کامیابی پر مبارکباد پیش کرتا ہے۔

☆ سید آفتاب احمد صاحب کے صاحبزادے کا فوج میں بحیثیت کمیشنڈ آفیسر انتخاب ہوا۔ ادارہ آپ کو اور سید حسام الدین مرحوم صاحب کی فیملی کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

☆ سید احمر نظام صاحب نے سٹی بینک میں ملازمت اختیار کرلی ہے ادارے کی جانب سے نیک خواہشات قبول کیجئے۔

☆ سید محمد احمد واسطی مرحوم صاحب کے داماد کرنل راحت شہباز نے پاکستان اسٹیل جنرل منیجر کی حیثیت سے جوائن کرلی ہے۔ادارہ کرنل صاحب سے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہے اور آپ کی ترقی و کامرانی کے لئے دُعا گو ہے۔

☆ جناب نسیم صدیقی صاحب نے اپنے بیٹے انعم صدیقی کی S.IT.E LTD میں ملازمت کی خوشی میں کے ایم سی کمپلیکس میں میلاد کا انعقاد کیا جس میں بڑی تعداد میں ادارے ممبران نے شرکت فرمائی۔ادارہ جناب صدیقی صاحب اور انکی اہلیہ محترمہ راحت جہاں صاحبہ کو بیٹے کی کامیابی پر مبارکباد پیش کرتا ہے۔اور انعم صدیقی کی ترقی و کامرانی کے لئے دُعا گو ہے۔

☆ ہمارے ادارے کے رکن جناب سلمان غنی صاحب نے بحیثیت سینئر منیجر مارکیٹنگ اور سیلز لکی سیمنٹ جوائن کرلی ادارہ ان کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتا ہے۔اور انکی مزید ترقی و کامرانی کے لئے دُعا گو ہے۔

☆ مرحومہ پروین زیدی صاحبہ کے صاحبزادے طٰحہ علوی رشتہ ازدواج سے منسلک ہوئے۔ادارہ کی طرف سے نیک خواہشات اور تمناؤں کو قبول فرمائیں۔

☆ سید بلال احمد صاحب کی بیٹی ثناء بلال کی شادی، اسلام آباد میں بخیر و خوبی انجام پائی، ادارے کی جانب سے مبارکباد قبول فرمائیں۔

☆ جناب منظور احمد صاحب کی پوتی اور خالد منظور صاحب کی صاحبزادی حال ہی میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئیں۔ادارہ دلی مبارکباد پیش کرتا ہے۔

☆ ادارے کے سابق صدر جناب سید سیف الدین احمد صاحب کے صاحبزادے جناب سید جمال الدین کا نکاح لیفٹیننٹ جنرل جناب محسن کمال صاحب کی صاحبزادی سے اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ ادارہ جناب سید سیف الدین صاحب اور انکی اہلیہ محترمہ ریحانہ کو اس خوش خبری کے موقع پر مبارکباد پیش کرتا ہے۔

☆ سید ایس این جعفری صاحب کی بیٹی فریحہ جعفری کی شادی کراچی میں منعقد ہوئی۔ادارے کی جانب سے مبارکباد قبول فرمائیں۔

☆ ادارے کے رکن جناب فواد صدیقی صاحب کی کینیڈا سے پاکستان آمد پر ادارہ آپ کو خوش آمدید کہتا ہے۔

☆ جناب اعجاز احمد مرحوم صاحب کی بیٹی کی شادی کراچی میں بخیر و خوبی انجام پائی۔ادارہ آپ کی فیملی کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

☆ جناب نصرت کمال صاحب کی صاحبزادی رابعہ کمال کی شادی جناب منصور شمسی سے کراچی بخیر و خوبی انجام پائی۔ادارہ نصرت کمال صاحب اور ان کی فیملی کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔اور دولہا دلہن سے نیک تمناؤں کا اظہار کرتا ہے۔

☆ سید لائق علی زیدی صاحب کی صاحبزادی انعم لائق کا نکاح راچی میں انجام پایا ادارے کی جانب سے مبارکباد قبول کیجیے۔

☆فہیم واسطی صاحب کی بیٹی کی شادی کراچی میں بخیروخوبی انجام پائی ادارے کی جانب سے مبارکباد قبول کیجیے۔

☆ ادارے کے رکن جناب سیدلیاقت علی زیدی صاحب کی جدہ سے کراچی آمد ادارہ آپ کوخوش آمدید کہتا ہے۔

☆جناب سیدنسیم الدین ہاشمی صاحب کی جدہ سے کراچی آمد پر ادارہ آپ کوخوش آمدید کہتا ہے۔

☆ادارے کے رکن سیدعدیل احمد ہاشمی صاحب کی لندن سے کراچی آمد پر ادارہ آپ کوخوش آمدید کہتا ہے۔

☆ادارے کے صدر جناب صفدرعلی صاحب کی بیٹی کی شادی کراچی میں بخیروخوبی انجام پائی۔ہم سب کی جانب سے مبارکباد قبول کیجیے۔

☆سیدآفتاب عالم زیدی صاحب کی بیٹی کی شادی کراچی میں بخیروخوبی انجام پائی ادارے کی جانب سے مبارکباد قبول کیجیے۔

## دعائے صحت

☆ادارے کے رکن جناب قسیم الدین احمد کامیاب آپریشن کے بعدروبہ صحت ہیں۔

☆ادارہ آپ کی مکمل صحت یابی کے لئے دعاگو ہے۔

## انتقال پُرملال

سیدرضوان احمدواسطی کے خسر سیدطارق رحمت صاحب کابارضائے الٰہی انتقال ہوگیا۔اللہ مرحوم کی مغفرت فرمائے۔(آمین)

سیدشوکت علی زیدی صاحب کے داماد جناب اعجازاحمد صاحب باررضائے الٰہی کراچی میں انتقال کرگئے اللہ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور آپ کی فیملی کوصبرجمیل عطافرمائے۔(آمین)

سیدارشدمغنی صاحب کابارضائے الٰہی کراچی میں انتقال ہوگیا اللہ مرحوم کی مغفرت فرمائے اورآپ کی فیملی کوصبرجمیل عطافرمائے۔(آمین)

سیدعادل حسن واسطی ولدحافظ سیدفخرالحسن واسطی کا بمبئی (انڈیا) میں بارضائے الٰہی انتقال ہوگیا۔اللہ مرحوم کی مغفرات فرمائے اورآپ کی فیملی کوصبرجمیل عطافرمائے (آمین)

ڈاکٹرمحمودعلی صادق صاحب کے دامادسیدشفیق الحسن کا کراچی میں بارضائے الٰہی انتقال ہوگیا۔اللہ مرحوم کی مغفرت فرمائے۔(آمین)

ادارے کی رکن محترمہ شاہینہ بشارت صاحبہ کابارضائے الٰہی کراچی میں انتقال ہوگیا ادارہ مرحومہ کے بھائی جناب محمد تنظیم واسطی صاحب، مرحومہ کی بیٹی محترمہ عالیہ واسطی صاحبہ اورمرحومہ کے خاوند جناب بشارت اللہ صدیقی سے تعزیت کااظہار کرتا ہے۔اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اورلواحقین کوصبرجمیل عطافرمائے۔(آمین)

## اطلاع

معزز اراکین!

آپ کے علم میں ہے کہ ادارے نے گذشتہ چند سالوں سے برادری کے ان مستحقین کی خدمت کا سلسلہ شروع کیا ہوا ہے۔ جو زکوٰۃ کے مستحق ہیں۔ لہٰذا آپ تمام حضرات سے درخواست ہے کہ برادری میں اگر کوئی مستحق موجود ہے تو مجلس منتظمہ کے اراکین کو ان کے نام اور پتے ارسال کریں۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ادارہ ہر سال مستحقین میں زکوٰۃ تقسیم کرتا ہے۔ رمضان کی آمد آمد ہے اس لیے آپ سے درخواست ہے جو اراکین زکوٰۃ ادارے کے توسط سے ادارے کے مستحقین کو دینا چاہیں وہ مورخہ ۳۰ ستمبر ۲۰۰۷ تک معتمد ادارہ کو جس قدر وہ رقم چاہیں پہنچادیں تاکہ زکوٰۃ کی تقسیم بروقت ادائیگی کا انتظام ہوسکے اور اس طرح آپ کی دی ہوئی رقم سے مستحق افراد خانہ عید کی خوشیوں میں آپ کے ساتھ شامل ہوسکیں۔

معتمد سید وسیم الدین ہاشمی

موبائل نمبر 0300-2919040 فون نمبر 2786934, 021-2787934

مدرسہ جامع مسجد گلاؤٹھی (تعارف)

بشکریہ شعبہ نشر واشاعت جامع مسجد گلاؤٹھی

ہندوستان میں اسلام کا ڈنکا پہلی صدی ہجری میں بج چکا تھا لیکن اسلامی کلچر اور مذہبی تعلیم وتمدن سیکھنے سکھانے کے لئے باضابطہ مدارس، کلیات اور جامعات کا انعقاد نہیں ہوسکا تھا۔ اور نہ قرآن وحدیث کے باضابطہ اور منظم مراکز تھے البتہ خانقاہوں اور مساجد میں برائے نام اس ضرورت کی تکمیل ہو پاتی تھی۔

محمود غزنوی کے دور خلافت اور عہد حکومت میں باقاعدگی سے مدرسہ کا قیام وجود پذیر ہوا۔ اور مغلوں کے زمانے میں تو مدارس کی تعداد خود دلی اور مدارس میں کئی ہزار تک بتلائی جاتی ہے۔ لیکن انحطاط اور دور مغل اور تسلط فرنگ سے یہ شادابی کافور ہوئی اور نشہ اسلامی اترتر چلا گیا۔ کفر الحاد کی گرم بازاری پھیل گئی رفتہ رفتہ کشتی ڈوبنے لگی کہ اچانک پاک طینت قدسی النفوس حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ اور حضرت نانوتویؒ وغیرہ ہمدردی ملت اور سوز اصلاح امت لے کر اٹھے اور ایک الہامی مدرسہ کا قیام ۱۲۸۳ھ میں فرمایا جس کو عالم اسلام دارالعلوم دیوبند کے نام سے یاد کرتا ہے۔ دارالعلوم دیوبند صرف ایک مدرسہ نہیں بلکہ اس دور میں ایک تحریک کی حیثیت رکھتا ہے۔ جس نے انگریزوں کے ایوان میں تزلزل اور ارتعاش پیدا کر دیا تھا۔ اس تحریک دارالعلوم کا جرنل اور کمانڈر حضرت مولانا قاسم نانوتویؒ کو منتخب کیا گیا۔ قاسم العلوم والخیرات حجۃ الاسلام مولانا قاسم نانوتویؒ کی نیک توجہات قصبہ گلاؤٹھی کی طرف منعطف ہوئیں۔ اور حضرت نانوتویؒ قصبہ گلاؤٹھی کی ایک مخیر ورفیاض شخصیت منشی سید مہربان علی کی دعوت پر گلاؤٹھی تشریف لائے بلانے کا مقصد حضرتؒ کے بدست جامع مسجد کی سنگ بنیاد رکھوانا تھا۔ ۱۲۸۷ھ جامع مسجد کے سنگ بنیاد کے ساتھ ساتھ حضرتؒ نے مدرسہ کا بھی مسجد سے متصل سنگ بنیاد رکھا۔ یہ مدرسہ تحریک دارالعلوم دیوبند کا پہلا رفیق سفر اور شریک جہاد رہا۔ اور حضرتؒ کے ستون خمسہ میں اس کا شمار ہوا۔ حضرت نانوتویؒ نے بحیثیت مدرس اپنے داماد مولانا عبداللہ انصاریؒ اور بحیثیت طالبعلم اپنے صاحبزادے حافظ محمد احمدؒ کا انتخاب فرمایا۔